© rasailojaraid.com

عینک فریدی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆زکوٰۃ کی منصفانہ تقسیم کی جائے۔(ممبران سٹی اسمبلی)

''چیئرمینوں کے حصّے میں ممبران سٹی اسمبلی کو بھی شامل کیا جائے''۔

☆بُش بلیئر ''ابوجہل'' ہیں۔(قاضی حسین احمد)

ملاعمر اور اسامہؒ معوّذ اور معاذ ہیں۔

☆آئین پر چلنے کا مشورہ دینے والے خود کیا ہیں؟(چودھری نثار)

کچھ اَیرے ہیں کچھ غَیرے ہیں
کچھ نتھّو ہیں کچھ خَیرے ہیں

☆ہمیں روشن خیالی ثابت کرنا ہوگی۔(پرویز مشرف)

''ڈاڑھی پر پابندی تو نہیں لگائی جارہی''

☆وزیر مملکت رئیس منیر کے بیٹے کو سزا دینے والا استاد ریمانڈ پر جیل بھجوادیا گیا۔وزیر نے استاد کو معاف کر دیا۔(ایک خبر)

بڑی بات ہے!وگرنہ ڈوگر سپاہی کو تو شاید ابھی تک معافی نہیں ملی۔

☆عقیدے کی آزادی انسان کا پیدائشی حق ہے۔(بُش)

تو پھر کیا افغانستان اور عراق کے عوام انسان نہیں تھے؟

☆طاقتور ہیں مگر مہاتیر محمد کی طرح بیان نہیں دے سکتے۔(شیخ رشید)

بزدلی اور کسے کہتے ہیں؟

☆پولیس کی زیادتی کے خلاف ایکشن ہوگا۔(پرویز الٰہی)

پولیس نے ٹرک ڈرائیور کی بیوی اٹھالی۔گرفتاری وزیراعلیٰ اور منشا گروپ آف انڈسٹریز کے مالک کے حکم پر کی۔

(انسپکٹر تھانہ صدر چنیوٹ)

☆عام آدمی کو اُس کی دہلیز پر انصاف دیں گے۔(جمالی)

''مظلوم کی لاش اُس کی دہلیز پر پہنچائی جائے گی''۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆افغانستان ہمارے ہاتھ سے نکل رہا ہے۔(امریکی سینیٹرز)

آپ کو اب پتہ چلا ہے !
طالب پہلے بھی مسکراتے تھے

☆امریکہ، برطانیہ' پاکستان کو اپنا دوست نہیں سمجھتا۔(جنرل (ر) حمید گل)

پاکستان' دونوں کے آگے بچھتا چلا جا رہا ہے۔

☆نائٹ کلبوں کے خلاف ہوں۔اسلام اِس کی اجازت نہیں دیتا۔(اداکارہ' میرا)

گُڑ کھانا۔گلگلوں سے پرہیز!

☆''سب سے پہلے پاکستان'' کا نعرہ علامہ اقبالؒ کی تعلیمات کے منافی ہے۔(یوم اقبال کی تقریب سے مقررین کا خطاب)

مولانا حسین احمد مدنی رحمتہ اللہ علیہ پر کیچڑ اُچھالنے والے کیوں چپ ہیں؟

☆ہم تو روزانہ اسمبلی چلا رہے ہیں۔(جمالی)

اور اپوزیشن والے بغیر ٹکٹ سفر کرتے آ رہے ہیں۔

☆اپوزیشن' ہاؤس بزنس میں حصہ لیتا تو جاوید ہاشمی کو لانے کے آرڈر ضرور دیتا۔(سپیکر چودھری امیر حسین)

یعنی قانون مانع نہیں تھا' ضد میں ایسا کیا گیا۔

☆موجودہ فلمیں دیکھ کر سر شرم سے جھک جاتا ہے۔(اداکار محمد علی)

اور زیبا سجدے میں گر جاتی ہیں۔

☆''غریب'' آدمی کے لیے بہت کام کیا گیا ہے۔(گورنر خالد مقبول)

''ارکانِ اسمبلی'' کی تنخواہ سترہ ہزار سے بڑھا کر اڑتیس ہزار کر دی گئی ہے۔

☆عراق سے جلد از جلد نکلنا چاہتے ہیں۔(بش کا اضطراب)

''ہور چوپو گنّے!''

☆میں نے پاکستان میں بیٹھ کر ڈیل کی۔(غلام مصطفیٰ کھر)

پھر لندن بھاگ جانے والا کوئی ہمزاد ہوگا!

☆جہادی تنظیمیں' امریکہ نے خود پیدا کیں۔(اسلم بیگ)

الجھا ہے پاؤں یار کا زلفِ دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیّاد آ گیا